کتاب کا نام : مضامین تاریخی

اسلامی تاریخ وثقافت پر مجموعہ مضامین

مصنف : پروفیسر علی محسن صدیقی

ناشر : قرطاس ۲۰۰۶ء بحوالہ مندرجہ بالا

قیمت وصفحات : درج نہیں ۳۲۳ صفحات

پروفیسر علی محسن صدیقی کا نام ملک کے نامور محققین میں شامل کیا جاتا ہے موصوف نے شاندار تحقیقی مقالات لکھے جو رسائل وجرائد میں شایع ہوئے متعدد اہم کتب کے ترجمے کئے جو مذکورہ ادارہ سے شایع ہو چکے ہیں موصوف نے اسلامیات اور اسلامی تاریخ کے شعبوں میں جامعہ کراچی میں خدمات انجام دیں

اس کتاب میں موصوف کے مطبوعہ وغیر مطبوعہ مضامین شامل کئے گئے ہیں بعض مضامین فنی اعتبار سے بہت شاندار ہیں مثلاً اسلامی تاریخ نویسی حضرت معاویہؓ امام بوصیری اور قصیدہ بردہ (ڈاکٹر صاحب کا یہ مضمون ڈاکٹر جلال الدین نوری ڈین فیکلٹی اسلامک اسٹڈیز جامعہ کراچی اپنے نام سے شایع کر چکے ہیں اس پر مصنف نے سخت الفاظ میں احتجاج کیا ہے (ص/ ۳۹ تا ۵۱) اور احتجاج میں حق بجانب بھی ہیں کاش جامعہ میں یہ روایت ختم ہو جائے) سیدہ سکینہ، تعارف کتب وحدیث وغیرہ یہ مضامین ریسرچ اسکالر کے لئے انتہائی مفید ہیں بالخصوص تاریخ کے طالب علم کو غور وخوض کی دعوت دیتے ہیں۔ کتاب میں درج ذیل مقالات ہیں۔

امام بوصیری اور قصیدہ بردہ، مجلہ ''نعت رنگ'' کے بارہ شماروں کا طائرانہ جائزہ، برعظیم پاک وہند میں عربیہ نعتیہ شاعری، عہد اسلامی کا ڈھاکہ، مولانا ابوالجلال صدیقی ندوی۔